12528-خاوند سے وعدہ کرلیا کہ وہ اس کے بعد کسی سے شادی نہیں کرے گی!!

سوال

ایک عورت نے خاوند سے وعدہ کیا کہ وہ اس کی وفات کے بعد کسی سے بھی شادی نہیں کرے گی، حتی کہ اللہ تعالی اپنی رحمت اور فضل سے دونوں کو جمع کردے، توکیا وہ اس کے بعد شادی کرسکتی ہے ؟

اور کیا یہ منافقوں کی صفات وعدہ نہ پورا کرنا شمار ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

اس عورت کے لیے
خاوند کی وفات کے بعد شادی کرنا جائز ہے، اور وہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے، کیونکہ
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اللہ کی قسم اگر اللہ چاہے میں جو
قسم بھی اٹھاتا ہوں اور پھر اس سے بہتر دیکھتا ہوں تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کرکے
وہ کام کرتا ہوں جو بہتر ہو"

صحیح بخاری حدیث نمبر (3133) صحیح
مسلم حدیث نمبر (1649)

اور ایک دوسری حدیث میں رسول کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب تم قسم اٹھاؤ تو اس کے علاوہ
کوئی اور اس سے بہتر دیکھو تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کرکے اس سے بہتر چیز پر عمل پیرا
ہوجاؤ"

صحیح بخاری حدیث نمبر (2622) صحیح
مسلم حدیث نمبر (1652)

اس عورت کے لیے بغیر شادی کے رہنے سے
شادی کرنا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس میں بہت ساری مصلحتیں ہیں.